مدنی قافلوں کے متعلق

22 مدنی پھول

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

’’سیکھنے سنتیں قافلے میں چلو‘‘ کے 22 حروف کی نسبت سے مَدَنی قافلوں کے متعلق 22 مَدَنی پھول

فرامینِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے مَدَنی قافلہ اہم ترین ذریعہ ہے ❁ مَدَنی قافلے، دعوتِ اسلامی کے لئے رِیڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ❁ ہر اسلامی بھائی زندگی میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور عمر بھر ہر ماہ 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کرے ❁ ہر ذمہ دارِ دعوتِ اسلامی بشمول اراکینِ شوریٰ کو تاکید اَشد تاکید ہے کہ ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں از اِبتدا تا اِنتہا حاضری دیں اور عام اسلامی بھائیوں کے ساتھ بیٹھ کر بیان اور ہر ماہ 3 دن کے لئے مدنی قافلے میں جدول کے مطابق سفر کریں، اس کے لئے خواہ کیسا ہی تنظیمی کام ہو مؤخر فرما دیں۔ اللہ عزَّوَجلَّ کرے کہ میری اس تاکید کی حکمت ہر دعوتِ اسلامی والے کے دِل میں اُتر جائے ❁ علاقائی دورہ، مَدَنی قافلے تیار کرنے کی مشین ہے، اگر مَدَنی قافلوں کی تعداد بڑھانا چاہتے ہیں تو علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی دھوم مچا دیں ❁ مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس اور مَدَنی تربیتی کورس اِنتہائی مختصر وقت میں کثیر علمِ دین حاصل کرنے اور دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کی رفتار تیز تر کرنے کے بہترین مَدَنی ذرائع ہیں، میری دِلی تڑپ ہے کہ دعوتِ اسلامی کی تمام مجالس کے نگران و اراکین مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس/مَدَنی تربیتی کورس کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

❁1❁ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّةُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الكبير للطبراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے مجلس مدنی قافلہ کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ’’72 مدنی انعامات‘‘ میں سے ’’مدنی انعام نمبر 1‘‘ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیت کرتا رہے: ’’میں اللہ عزَّوَجلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے **’’مجلسِ مدَنی قافلہ‘‘** کا مدَنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجلَّ۔‘‘

❁2❁ **مجلسِ مدنی قافلہ** کا کام تبلیغِ قرآن وسُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے پیغام کو ساری دنیا میں عام کرنے کے لیے ہر اسلامی بھائی کو زندگی میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں جدول کے مطابق 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کے لیے تیار کرنا، سفر کروانا اور نیکی کی دعوت دینے والا بنانا ہے۔

❁3❁ مجلسِ مدَنی قافلہ کے تمام اسلامی بھائی، مدَنی قافلے کے سفر کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کی کُتب کا مطالعہ بہت مفید ہوگا، اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجلَّ مثلاً: ’’نماز کے احکام، نیک بننے اور بنانے کے طریقے‘‘ نیز ضرورتاً ’’دارالافتاء اہلسنّت‘‘ سے شرعی رہنمائی لیتے رہیں۔

(4) حلقہ، علاقہ، ڈویژن اور کابینہ قافلہ ذِمہ دار، اپنے ذِمہ داران کے ساتھ ذیلی حلقوں کا جدول بنائیں۔ اسلامی بھائیوں کے پاس جاجا کر انفرادی کوشش کریں، ان کی نیّتیں (مَدَنی قافلہ پیڈ پر) لکھیں، ذیلی قافلہ ذمہ دار کے پاس ذیلی، حلقہ قافلہ ذمہ دار کے پاس حلقہ اور علاقہ / شہر قافلہ ذمہ دار کے پاس علاقہ / شہر کے (ذمہ داران واہل محبت) اسلامی بھائیوں کی فہرست موجود ہو، جس میں ہر اسلامی بھائی کی نیتیں درج ہوں کہ وہ کب سفر کریں گے؟ اِسی طرح ڈویژن وکابینہ قافلہ ذِمہ دار اپنی اپنی سطح کے (ذمہ دار) اسلامی بھائیوں کے مدنی قافلے میں سفر کی پیشگی تاریخیں لے لیں۔ یہ تمام قافلہ ذمہ داران ان اسلامی بھائیوں سے رابطہ رکھیں اور انہیں ان کی نیّتوں کی یاد دِہانی کرواتے رہیں، یہ نیّتیں مدنی تربیت گاہ پر بھی جمع کرادیں تاکہ وہاں سے بھی فالو اَپ کی ترکیب ہو۔ ہر سطح کی مشاورت کے نگران جب مختلف مجالس کا مدنی مشورہ کریں تو ان مدنی مشوروں میں متعلقہ مدنی قافلہ ذمہ داران بھی شرکت فرمائیں۔

(5) مَدَنی قافلے میں شرکاء کم ازکم 7 اور زیادہ سے زیادہ 12 ہونے چاہئیں، عمر کم ازکم 22 سال ہو، مدنی قافلے میں سفر کرنے والے اسلامی بھائی کی کم ازکم عمر 22 سال ہے، البتہ 10 سے 21 سال کے اسلامی بھائی کے والد یا سگے بڑے بھائی مدنی قافلے میں سفر کریں تو وہ بھی ان کے ساتھ سفر کرسکتا ہے، 10/12 سال کا مدنی منا جس مدنی قافلے میں اپنے والد یا بڑے بھائی کے ساتھ سفر کر رہا ہو، اس مدنی قافلے میں دوسرے مدنی منے کو سفر نہ کروایا جائے تاکہ سنجیدگی برقرار رہ سکے۔ مدنی قافلہ وہی ہے جو مدنی قافلے کے جدول کے مطابق سفر کرے۔

(6) مجلس مَدَنی قافلہ کے بینرز (Panaflex) پرنٹ کرواکر اجتماعات (ہفتہ وار سنّتوں بھرا اجتماع، تربیتی اجتماع، غمخواری اجتماع، مدنی مذاکرہ اجتماع، سحری اجتماع، OB Van اجتماع، کسان اجتماع، مدنی عطیات اجتماع وغیرہ) اور مدنی مشوروں میں نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ بینرز کی عبارت اس طرح ہونی چاہئے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

مجلسِ مَدَنی قافلہ

مَدَنی قافلوں میں سفر کی نیتیں لکھوانے اور سفر کرنے والے

عاشقانِ رسول یہاں رابطہ فرمائیں۔

اس مقام (جہاں بینر لگا ہو) پر مجلس مدنی قافلہ کے ذمہ داران کا ہونا ضروری ہے، جو سفر کرنے والوں کے نام، رابطہ نمبر، مکمل پتا، نیّتیں لکھیں اور سفر کی ترکیب بنائیں، یہیں سے 3 دن کے مَدَنی قافلے سفر کروائے جائیں اور یہاں پر پورے شہر یا ڈویژن کی سمتیں (روٹس) بنا کر (مَدَنی مرکز کی ترکیب کے مطابق) رکھی جائیں۔

(7) 3 دن کے مَدَنی قافلے، جہاں ہفتہ وار اجتماع ہوتا ہے وہاں یا مدنی تربیت گاہ سے تربیت حاصل کر کے سفر کروائیں، یہ

مَدَنی قافلے اپنے شہر/ ڈویژن کے اطراف میں سفر کروائے جائیں۔ مدنی قافلہ مجلس، مدنی قافلے کی طے شُدہ سمت (روٹ) کے مطابق سفر کرائے ❁ 12 اور 30 دن کے مَدَنی قافلے متعلقہ مَدَنی تربیت گاہ سے تربیت پانے کے بعد سفر پر روانہ کئے جائیں ❁ 12 دن کے مَدَنی قافلوں کے لئے ہر ڈویژن میں اور 30 دن کے مَدَنی قافلوں کے لئے ہر کابینہ میں تاریخ مخصوص کر کے ہفتہ وار اجتماعات میں اس کا اعلان کر دیا جائے تا کہ ہر اسلامی بھائی کے علم میں آجائے کہ 12 دن اور 30 دن کا مَدَنی قافلہ کب سفر کرے گا؟ 12 اور 30 دن کی مخصوص تاریخ کی تبدیلی نگرانِ کابینہ کی اجازت کے بغیر نہ کی جائے ❁

مَدَنی قافلوں کی سمتیں (رُوٹس): 3 دن اور 12 دن کے مَدَنی قافلوں کی سمتیں نگرانِ کابینہ، نگرانِ ڈویژن مشاورت اور کابینہ مدنی قافلہ ذمہ دار کے مشورے سے طے کی جائیں جبکہ 30 دن کے مَدَنی قافلوں کی سمتیں مجلس مدنی قافلہ (پاکستان) کے مشورے سے طے کی جائیں۔

﴿8﴾ 30 دن کا مَدَنی قافلہ اس ترکیب سے سفر کروایا جائے کہ پہلے 3 دن مَدَنی تربیت گاہ میں تربیت اور 12 دن سفر، پھر 3 دن مَدَنی تربیت گاہ میں کارکردگی و تربیت، پھر 12 دن سفر اور واپسی پر مَدَنی تربیت گاہ پر کارکردگی ہو نیز 30 دن کے مَدَنی قافلے کی واپسی پر علاقے میں اجتماع رکھا جائے، جس میں سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کی حوصلہ افزائی، خیر خواہی اور ہاتھوں ہاتھ مزید مدنی قافلوں کی تیاری کی ترکیب کی جائے۔

❁ 30 دن کے مَدَنی قافلے میں مضبوط اور تنظیمی ذِمہ دار اسلامی بھائی کو امیرِ قافلہ بنایا جائے نیز 12 ماہ کا سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کے لئے اوّلاً مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس یا مَدَنی تربیتی کورس کرنا ضروری ہے۔

﴿9﴾ علاقوں سے مَدَنی قافلے کیسے سفر کروائیں؟ نیز قافلے سے قافلہ کیسے سفر ہو؟ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، انفرادی کوشش، مَدَنی قافلے کا جدول وغیرہ سیکھنے کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ **''نیک بننے اور بنانے کے طریقے''** سے تمام ذِمہ دارانِ مدَنی قافلہ رہنمائی حاصل کیجئے۔

﴿10﴾ مجلس مدنی قافلہ، مدنی قافلے کی روانگی سے پہلے متعلقہ قافلہ ذِمہ دار کو اطلاع کریں کہ عاشقانِ رسول کا مدنی قافلہ آپ کے ہاں آ رہا ہے اس کا استقبال اور خیر خواہی کی ترکیب بنائیں۔ چنانچہ مقامی ذمہ داران استقبال اور خیر خواہی کے علاوہ نئے اور پرانے اسلامی بھائیوں نیز شخصیات کو ترغیب دلا کر (کہ عاشقانِ رسول کا قافلہ آیا ہوا ہے، دعا کروانے کے لیے چلنے کا کہہ کر ملاقات کروائیں اور ان کی خیر خواہی کا ذہن دے کر) ساتھ لائیں۔

﴿11﴾ حدیثِ پاک میں ہے ''تَھَادَوْا تَحَابُّوْا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذمہ داران، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ

مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطارؔ** قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العالیہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب و رسائل و VCDs وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ اِستطاعت اور مُخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر لنگر (مفت تقسیم) کی ترکیب کرتے رہیں اور فروخت بھی کریں نیز خوشی و غمی (شادی، فوتگی، چہلم و عرس وغیرہ)، تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی، ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر لنگرِ رسائل کی ترغیب دلانا مفید ہے۔

﴿12﴾ مَدَنی قافلہ، مختلف کورسز کے ماہانہ اہداف:

❁ ہر ماہ **فی حلقہ 3 دن** کا ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ **فی علاقہ 12 دن** کا ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ **فی ڈویژن 30 دن** کا ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ فی کابینہ 63 دن ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ فی کابینات 92 دن ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ فی ڈویژن ایک اسلامی بھائی 06 ماہ کے لئے ❁ ہر ماہ فی کابینہ 12 ماہ ایک اسلامی بھائی

﴿13﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

قافلہ ذمہ داران کا تقرر ذیلی حلقہ تا مرکزی مجلسِ شوریٰ ہے ❁ مختلف شعبہ جات میں بھی نگرانِ کابینہ کی اجازت سے مَدَنی قافلہ ذمہ داران مقرر کئے جائیں۔ مثلاً مجلس فیضانِ مُرشد، مجلس شعبۂ تعلیم، مجلس مدرسۃ المدینہ للبنین، مجلس جامعۃ المدینہ للبنین وغیرہ۔ شعبہ جات میں مَدَنی قافلوں کے اہداف بھی نگرانِ کابینہ، متعلقہ شعبہ ذمہ دار سے مشاورت کے بعد طے فرمائیں ❁ کابینات ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں، اِسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

﴿14﴾ مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

#	تاریخ	مَدَنی مشورہ لینے والے	سطح	شرکاء	مدنی پھول
1	2	نگرانِ علاقائی مشاورت	علاقہ	ذیلی حلقہ، حلقہ و علاقائی ذمہ داران	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ
2	3	نگرانِ ڈویژن مشاورت/ڈویژن ذمہ دار	ڈویژن	علاقہ / شہر ذمہ داران	//

3	5	نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار	کابینہ	ڈویژن ذمہ داران	//
4	6	نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار	کابینات	کابینہ ذمہ داران	//
5	7	رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس	ملک	کابینات ذمہ داران	//

وضاحت: **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

❁ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ❁ علاقہ :2 ❁ ڈویژن:3 ❁ کابینہ:5 ❁ کابینات:6 ❁ پاکستان:7

❁**15**❁ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کر لیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا (مثلاً کابینہ ذمہ دار نے نگران کابینہ کی اجازت سے ڈویژن ذمہ داران کے ساتھ ساتھ علاقائی ذمہ داران کا بھی مدنی مشورہ لیا تو اب ڈویژن ذمہ داران اس ماہ علاقائی ذمہ داران کا مدنی مشورہ نہیں کریں گے) ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے۔)

❁**16**❁ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کر دیں۔ (یادرہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں۔)

❁**17**❁ ڈویژن اور کابینہ ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے (ڈیژن مدنی قافلہ ذمہ دار اپنے کابینہ قافلہ ذمہ دار اور کابینہ قافلہ ذمہ دار کابینات مدنی قافلہ ذمہ دار سے منظور کروائیں اور کابینات قافلہ ذمہ دار پاکستان قافلہ مجلس کے نگران سے منظور کروائیں)۔ پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران اور مدنی قافلہ ذمہ دار کو پیش کرے۔

❁**18**❁ متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

❁**19**❁ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، اِنہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿20﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿21﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ/ مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

﴿22﴾ **ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں، فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ مدنی حلیے ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز **عمامہ شریف** (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی والا سفید کُرتا سنّت** کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں **مسواک**، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے **مدنی** کاموں میں صرف کیجئے مثلاً **مدنی قافلے** میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم دو اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھے۔ اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ/ کابینات اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ اراکینِ مجلس روزانہ کم از کم 1 گھنٹہ 26 منٹ **مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار LIVE **مدنی مذاکرہ** کے

ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** مدنی مذاکروں اور نگرانِ شوریٰ کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

✿ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

✿ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ✿ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ✿ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟ (ہاں خود سمجھانے کی جرأت نہ ہو یا ناکامی کی صورت میں تنظیمی ترکیب کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں مضائقہ نہیں۔)

مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

مَدَنی مقصد: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ

تاریخِ اجراء: ۱۵ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ / 15 مئی 2014ء